پیغام



جناب راجہ پرویز اشرف

وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان

گورنر سندھ سے یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی ہے کہ رائزنگ کراچی نامی ایک انوکھی موبائل فون سروس کا کراچی میں آغاز کر دیا گیا ہے جو کہ اہلیانِ کراچی کو روز بروز اور کسی بھی جگہ کی مکمل معلومات فراہم کر سکے گی۔

رائزنگ کراچی پروگرام، کراچی شہر سے تعلق رکھنے والے ہر شعبے جیسے کہ صحت، تعلیم، ٹریفک، منیجمنٹ، ترقیاتی کام، فیومیگیشن کمپینز اور ڈینگی بخار سے متعلق معلومات کے علاوہ، کسی بھی خاص دن یا وقت پر کراچی میں ہونے والے ایونٹ / فنکشن / تقریب کی مکمل کوریج بھی دے سکے گا۔

اب شہریوں کو اپنے موبائل فون پر متعلقہ **icon** کلک کرتے ہی ضروری معلومات براہِ راست موصول ہو سکیں گی۔

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے بھرپور تعاون سے ہر شعبۂ زندگی میں کراچی کی ترقی کا عمل جاری و ساری ہے۔ عوام الناس کو اہم معلومات کی فراہمی بھی اس لئے ضروری ہے تا کہ انکو یہ علم ہو سکے کہ صوبائی اور وفاقی حکومتیں شہریوں کے لئے ترقیاتی ٹارگٹس کے حصول کے لئے مشترکہ طور پر سرگرم عمل ہیں۔

لہٰذا یہ گورنر سندھ کا ایک مستحسن اقدام ہے کہ جنہوں نے رائزنگ کراچی جیسے فعال پروگرام کو پیش کیا تا کہ اہلِ کراچی کو اپنے اردگرد کی بابت آگہی بھی حاصل ہو اور ساتھ ہی وہ حکومتی کاوش بھی منظرِ عام بھی آسکیں جو اس شہر کی میگا ڈویلپمنٹ کے لئے کی جارہی ہیں۔

اس مبارک موقع پر میں گورنر سندھ اور اہلیانِ کراچی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے انتہائی افادیت پسند رائزنگ کراچی پروگرام کا آغاز کیا ہے جو کہ معمول کے کاموں کو ایک مستعد اور متحرک نظام سے مربوط کرتا ہے۔

(راجہ پرویز اشرف)

وزیراعظم

اسلامی جمہوریہ پاکستان

RISING KARACHI
Official Mobile & Web Application of KMC